سوال

(229) بموجب رسم ملک اگر یہودیوں کا سہرا نوشہ کو پہنا دیا جاوے   الخ

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

بموجب رسم ملک اگر یہودیوں کا سہرا نوشہ کو پہنا دیا جاوے۔ تو اخلاقی گناہ کیا ہے۔ کیا ممانعت کی کوئی صریح حدیث ہے۔ نیز بارات کے ہمراہ انگریزی باجا بجانا جس کے مضمون میں لغو کچھ نہیں برائے اظہار خوشی ہے۔ کیا یہ جائز ہے۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

خلاف سنت نبویہ ﷺ اور مشابہت کفار کی وجہ سے گناہ ہے۔ من تشبہ بقوم فھو منہ۔ کا وعید ہے۔ باجا بجاتے ہوئے بارات کا جانا بھی ایک معنی میں ریا کاری ہے۔ خطرہ ہے کہ آیت مرقومہ زیل کے تحت نہ ہو۔

وَلَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ خَرَجُوا مِن دِيَارِهِم بَطَرًا وَرِئَاءَ النَّاسِ ﴿٤٧﴾ سورة الأنفال

''یعنی ان لوگوں کی مانند مت ہو۔ جو ریا کاری اور تکبر کی بنا پر اپنے گھروں سے نکلے''

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[فتاویٰ ثنائیہ امرتسری]

جلد 2 ص 190

محدث فتویٰ